ایم کیوایم لیگل کمیٹی کے رکن نظام الدین ہاشمی ایڈووکیٹ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔27/اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لیگل ایڈ کمیٹی کے رکن نظام الدین ہاشمی ایڈووکیٹ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے نظام الدین ہاشمی ایڈووکیٹ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ نظام الدین ہاشمی ایڈووکیٹ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق دے۔(آمین)

متحدہ قومی موومنٹ کے سابق سینئر مصطفےٰ کمال شہید اور سابق رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر نشاط ملک شہید کی برسی کے سلسلے میں ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں فاتحہ خوانی

لندن۔۔۔27 اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے سابق سینئر مصطفےٰ کمال شہید اور سابق رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر نشاط ملک شہید کی برسی کے سلسلے میں آج ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں فاتحہ خوانی کی گئی۔فاتحہ خوانی میں اراکین رابطہ کمیٹی اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان نے شرکت کی۔اس موقع پر سینئر مصطفےٰ کمال شہید اور ڈاکٹر نشاط ملک شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا اور تحریک کے تمام شہیدوں کی روحوں کے ایصال ثواب کیلئے بھی دعا کی گئی۔

نظام الدین ہاشمی ایڈووکیٹ انتقال کر گئے، تدفین میں یٰسین آباد قبرستان میں عمل میں آئی، شعیب بخاری اور دیگر کی شرکت نظام الدین ہاشمی، عبدالسلیم، محمد ابرار اور رشید احمد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔27/اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی لیگل ایڈ کمیٹی کے رکن نظام الدین ہاشمی ایڈووکیٹ علالت کے باعث انتقال کر گئے (انا اللہ وانا الیہ راجعون) مرحوم کی عمر 40 سال تھی اور وہ عرصہ دراز سے فالج میں مبتلا ہونے کے سبب شدید علیل تھے کہ گزشتہ دنوں ان کی حالت غیر ہوگئی اور انہیں فوری طور پر عباسی شہید اسپتال کے انتہائی نگہداشت کے وارڈ آئی سی یو میں شفٹ کر دیا گیا جہاں ڈاکٹرز ان کی جان بچانے کی ہر ممکن کوششیں کرتے رہے تاہم وہ کارآمد ثابت نہیں ہوئی اور نظام الدین ہاشمی ایڈووکیٹ خالق حقیقی سے جا ملے۔مرحوم کے سوگواران میں بیوہ اور دو بچوں کے علاوہ بہن بھائی شامل ہیں۔نظام الدین ہاشمی ایڈووکیٹ مرحوم کو بعد نماز ظہر یٰسین آباد قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ جامع مسجد موتی کلفٹن کوارٹرز جہانگیر روڈ میں ادا کی گئی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید شعیب احمد بخاری ایڈوکیٹ، حق پرست اراکین اسمبلی ڈاکٹر صغیر احمد، رشید گوڈیل، ایم کیوایم لیگل ایڈ کمیٹی کے انچارج سیف اللہ ایڈووکیٹ، اراکین لیگل ایڈ کمیٹی، ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلرز، وکلاء، علاقائی سیکٹر و یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیگل ایڈ کمیٹی کے کارکن نظام الدین ہاشمی ایڈووکیٹ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اواعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔آمین

ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی 27 اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم گلستان جوہر سیکٹر کمیٹی کے رکن انجم سلیم کے والد عبدالسلیم ، ایم کیو ایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 186 کے کارکن محمد جاوید کے والد محمد ابرار اور ایم کیو ایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 184 کی کمیٹی کے رکن عمران خان کے والد رشید احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت اعلیٰ سے اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق دے۔(آمین)

پیپلز پارٹی کے رہنماؤں نثار کھوڑو، راشد ربانی، فیصل رضا عابدی اور مکیش چاؤلہ کی ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات، عبدالستار پیروانی کے انتقال پر تعزیت کی

کراچی۔۔۔27/اپریل 2008ء

پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماؤں نے اتوار کے روز ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر وقومی اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر محمد فاروق ستار سے ان کے گھر جا کر ملاقات کی اور ان سے ان کے والد عبدالستار نور پیروانی کے انتقال پر اپنی اور پوری پیپلز پارٹی کی جانب سے گہرے رنج وغم کا اظہار کیا۔پیپلز پارٹی کے نمائندہ وفد میں اسپیکر سندھ اسمبلی نثار احمد کھوڑو، راشد ربانی، کراچی ڈویژن کے صدر فیصل رضا عابدی اور ایکسا ئز اینڈ ٹیکسیشن کے صوبائی وزیر مکیش چاؤلہ کے علاوہ پیپلز پارٹی کراچی ڈویژن کے عہدیداران شامل تھے انہوں نے عبدالستار نور پیروانی مرحوم کی مغفرت کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔اس موقع پر ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے پیپلز پارٹی کے وفد کے ارکان کا شکریہ ادا کیا۔

☆☆☆☆☆